# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamabad Police | اتوار 28 اپریل 2024 | Islamabad police.gov.pk


## ٹیکنالوجی

| | |
|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 56093 |
| ملازمین کا اندراج | 54851 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 21025 |
| گمشدگی / برآمدہ | 10 |
| جنرل وریفکیشن | 96181 |

## کرائم

| | |
|---|---|
| کل مقدمات | 110 |
| گرفتار ملزمان | 84 |
| یکسوچالان | 33 |
| سٹاپ اینڈ سرچ | 6532 |
| اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران | 10 |

## ٹریفک

| | |
|---|---|
| جرمانے کے چالان | 2701 |
| سنگین خلاف ورزی | 1463 |
| مہلک حادثات | 01 |
| ڈرائیونگ لائسنس | 188 |
| لرننگ پرمٹ | 212 |

## پکار-15



| | |
|---|---|
| ایمرجنسی کال | 3950 |
| بوگس کال | 3139 |
| ایمرجنسی رسپانس | 351 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | 05 منٹ |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 08 منٹ |

## آئی جی اسلام آباد نے ناکہ جات پر اچھی ڈیوٹی سرانجام دینے والے پولیس افسران اپنے دفتر مدعو کیا اور تعریفی اسناد سے نوازا



انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں ناکہ جات کا دورہ کیا، انہوں نے پولیس ناکہ جات پر مستعدی سے ڈیوٹی سرانجام دینے والے پولیس افسران کو شاباش دی اور انہیں اپنے دفتر مدعو کیا، آئی جی اسلام آباد نے پولیس افسران سے اپنے دفتر میں ملاقات کی، انہوں نے پولیس افسران کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے تعریفی اسناد سے نوازا، اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ شہریوں کی خدمت وحفاظت کے لئے پرعزم اور فرائض منصبی بطریق احسن سرانجام دینے والے پولیس افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے گی، انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

## ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کا کھلی کچہری کا انعقاد

کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اور درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانونی کارروائی کر کے رپورٹ کرنے کی ہدایت دی۔



ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ڈی آئی جی آپریشنز نے شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لئے متعلقہ افسران کو مارک شدہ درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کئے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے کہ ہم شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے ساتھ ان کی عزت نفس کا خیال رکھتے ہوئے تمام تر مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں، رشوت یا بدعنوانی میں ملوث اہلکاروں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا اور زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی، شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائیں، انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کے انعقاد سے خود احتسابی کو بھی یقینی بنایا جاسکے گا، شہریوں کے مسائل کا فوری حل اولین ترجیح ہے، ہر شہری کو مساوی حقوق حاصل ہیں، تمام درخواستوں پر میرٹ پر فیصلے کئے جائیں گے، شہریوں کی جان، مال اور عزت نفس کا تحفظ مقدم ہے۔



## آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی ہدایت پر اسلام آباد پولیس کی آگاہی مہم "نشہ اب نہیں" شروع کردی گئی

**مہم کا مقصد وفاقی دارلحکومت کو منشیات سے پاک کرنے اور نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنا ہے، اس مہم میں آگاہی کے ساتھ منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کریک ڈاؤن بھی جاری ہے**




انسپکٹر جنرل آف پولیس سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارلحکومت کو منشیات سے پاک کرنے اور نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے کے لئے خصوصی آگاہی مہم "نشہ اب نہیں" شروع کر دی ہے، اس سلسلہ میں اسلام آباد پولیس کے افسران منشیات کے نقصانات اور روک تھام کے حوالے سے خصوصی آگاہی مہم بھی چلا رہے ہیں، نوجوان خاص کر طلباء کیلئے منشیات کا استعمال انکے صحت اور مستقبل دونوں کیلئے تباہ کن ہے، نشہ ایک فرد ہی نہیں بلکہ پورے ایک خاندان اور پورے معاشرے کی تباہی کا سبب ہے، نشہ ایک ایسی بیماری ہے جس نے سینکڑوں نوجوانوں کی زندگیوں کو نا صرف تباہ کیا بلکہ انکو مختلف پریشانیوں سے دوچار بھی کیا ہے، نوجوان خود کو بھی اس ناسور سے بچائیں اور اپنے اردگرد کے افراد کو بھی منشیات جیسی لعنت سے بچانے میں اپنا کردار ادا کریں، تعلیمی اداروں کی انتظامیہ بھی سیمینارز اور آگاہی مہم کے ذریعے منشیات کے خلاف "نشہ اب نہیں" مہم کا انعقاد کریں، آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ اسلام آباد پولیس منشیات فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہری منشیات کے خاتمے کیلئے اسلام آباد پولیس کا ساتھ دیں اور عزم کریں کے نشہ اب نہیں، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کی زیر صدارت اہم اجلاس

**سنگین نوعیت کے جرائم، قتل، اغواء اور ریپ کے مقدمات میں ملوث مجرمان اشتہاری، ٹی اوز، عدالتی مفروران، منشیات فروشوں، پیشہ ور بھکاریوں اور ان کی سہولت کاروں کی جلد از جلد گرفتاری کو یقینی بنانے کی ہدایت کی، زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد میرٹ پر مکمل کریں اور کام کی رفتار میں مزید تیزی لائیں**







ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کی زیر صدارت اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا، اجلاس میں ایس ایس پی انوسٹی گیشن، ایس پی انوسٹی گیشن، زونل ایس پیز، ڈی ایس پیز، انچارج اے آر ڈی یو اور انچارج اے وی ایل یو نے شرکت کی، ڈی آئی جی آپریشنز نے تمام افسران کو اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کی ہدایات جاری کی، انہوں نے کہا کہ زیر تفتیش مقدمات کے چالان مرتب کر کے مجاز عدالتوں کو بھجوائیں، جرائم پیشہ گروہوں، سنگین نوعیت کے جرائم، قتل، اغواء اور ریپ کے مقدمات میں اشتہاری، عدالتی مفروران، ٹی اوز، منشیات فروشوں، پیشہ ور بھکاریوں کی جلد از جلد گرفتاری کو یقینی بنایا جائے اور کام کی رفتار میں مزید تیزی لائیں، انہوں نے مزید کہا کہ بدعنوانی اور کرپشن پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی، فرائض منصبی میں کسی قسم کی لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے، عوام کے جان و مال کے تحفظ میں کوتاہی برتنے پر سخت محکمانہ کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔

# سیف سٹی کیمرہ جات کا سال 2024 میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ


**سال 2024 میں اب تک 72 ہزار 975 مختلف قسم کی سرویلنس کو یقینی بنایا، ماہ جنوری میں سیف سٹی کیمرہ جات کی مدد سے 22 ہزار 470، ماہ فروری میں 19 ہزار 454، ماہ مارچ میں 18 ہزار 910 جبکہ اپریل میں 12 ہزار 141 مشکوک سرگرمیوں کی نشاندہی کی گئی، نیز ناکہ جات، تھانہ جات، بازار، اہم عمارات اور اہم تقریبات کی بھی نگرانی کی گئی**

سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر نے سی پی او سیف سٹی و ٹریفک کی زیر نگرانی رواں سال 2024 میں 72 ہزار 975 مختلف قسم کی سرویلنس کو یقینی بنایا، رواں سال ماہ جنوری میں سیف سٹی کیمرہ جات کی مدد سے 22 ہزار 470، ماہ فروری میں 19 ہزار 454، ماہ مارچ میں 18 ہزار 910 جبکہ اپریل میں 12 ہزار 141 مشکوک سرگرمیوں کی نشاندہی کی گئی، نیز ناکہ جات، تھانہ جات، بازار، اہم عمارات اور اہم تقریبات کی بھی نگرانی کی گئی، کمانڈ اور کنٹرول سنٹر کے پولیس آپریشن سنٹر نے سیف سٹی نگرانی کیمروں کی مدد سے سال 2024 میں 72 ہزار 975 مشکوک سرگرمیوں کی نشاندہی کی، نشاندہی میں مشکوک اشخاص، موٹر سائیکل، گاڑیاں، سرگرمیاں، اشیاء، کالے پیپر والی گاڑیاں، ای چالان نادہندگان، بھکاریوں، بغیر رجسٹریشن والی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو پکڑ کر مختلف تھانہ جات میں بند کیا گیا، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور وفاقی دارالحکومت کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر تکنیکی وسائل بروئے کار لا رہی ہے، اس ضمن میں شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار- 15" یا "آئی سی ٹی 15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# ایس پی جوڈیشل پروٹیکشن یونٹ اقبال خان کا عدالتوں میں تعینات پولیس اہلکاروں کی کارکردگی کا جائزہ

**ہائی کورٹ میں ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو بریفنگ دی اور پوری تندہی سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی**

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس پی جوڈیشل پروٹیکشن یونٹ اقبال خان نے اسلام آباد ہائی کورٹ کی سکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات پولیس اہلکاروں کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور انہیں بریفنگ دی، انہوں نے سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران کو فرائض منصبی کی نوعیت اور موجودہ حالات کے پیش نظر الرٹ رہنے کے احکامات جاری کیے، امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بروقت نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار رہنے اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو بہتر طریقے سے ادا کرنے کی ہدایت کی، انہوں نے کہا کہ اسکواڈ ڈیوٹی سرانجام دینے والے افسران دوران آمد و رفت الرٹ رہیں اور مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں، تمام افسران صاف ستھری یونیفارم زیب تن کریں اور محکمانہ نظم و ضبط پر سختی سے عمل درآمد کریں، اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لئے تمام تر ذمہ داریاں نبھا رہی ہے، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔



## ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے احکامات پر پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف آپریشن جاری،



**اسلام آباد پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 28 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر لیا، پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف مقدمات درج جبکہ کم عمر بچوں کو ایدھی سنٹر بھیج دیا گیا۔**



ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس نے پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف آپریشن شروع کر دیا، اسلام آباد پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں میں پیشہ ور بھکاریوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے 28 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لیے جبکہ کم عمر بچوں کو ایدھی سنٹر منتقل کر دیا گیا، ڈی آئی جی آپریشنز نے زونل ایس پیز کو واضع احکامات دیئے کہ وہ بھکاریوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر اپنی زیرِ نگرانی آپریشن جاری رکھیں، انہوں نے شہریوں سے گزارش کی کہ وہ اپنے صدقات پیشہ ور بھکاریوں کو ہرگز نہ دیں اور ان کی حوصلہ شکنی کریں، اگر آپ کو تجارتی مراکز اور رہائشی علاقوں میں پیشہ ور بھکاری نظر آئیں تو فوری "پکار"-15 پر پولیس کو اطلاع دیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح عوام کی جان و مال کی حفاظت ہے۔





# آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز نے اردل روم کے انعقاد کیا





انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز ڈاکٹر سید مصطفی تنویر نے سنٹرل پولیس آفس میں اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں پولیس افسران نے شرکت کی، اردل روم میں پولیس افسران نے ذاتی اور سرکاری نوعیت کے مسائل ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز کے سامنے رکھے، حل طلب مسائل کا موقع پر ہی احکامات جاری کئے گئے باقی مسائل کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پولیس ملازمین کی ویلفیئر کے لئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں جن میں رہائش، بہترین طبی سہولیات اور تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا شامل ہیں، آپ کو کسی بھی قسم کا مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کا دروازہ آپ کے لئے ہمیشہ کھلا ہے، ہم سب نے مل کر اس شہر کی بہتری میں اپنا کردار ادا کرنا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اردل روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کی ویلفیئر، ذاتی و سرکاری مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے ساتھ ان کے مورال کو بلند کرنا ہے۔

# ٹریفک قوانین کی آگاہی، روڈ سیفٹی اور طلباء کی انٹرشپ کے حوالے سے اسلام آباد ٹریفک پولیس اور اقراء یونیورسٹی کے درمیان معاہدے کی یاداشت پر دستخط

**معاہدے کے تحت یونیورسٹی کے طلباء اسلام آباد ٹریفک پولیس آگاہی ونگ کے ساتھ ملکر شہریوں کو روڈ سیفٹی، ٹریفک قوانین اور ٹریفک ایجوکیشن کے متعلق آگاہی فراہم کریں گے**





انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی اسلام آباد ٹریفک پولیس نے شہریوں میں ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے متعلق آگاہی فراہم کرنے کیلئے خصوصی انٹرن شپ پروگرام کا آغاز کر رکھا ہے، اس سلسلے میں ٹریفک قوانین کی آگاہی، روڈ سیفٹی اور طلباء کی انٹرشپ کے حوالے سے اسلام آباد ٹریفک پولیس اور اقراء یونیورسٹی کے درمیان خصوصی معاہدے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب کے مہمان خصوصی ایس ایس پی ٹریفک اسلام آباد محمد سرفراز ورک اور اقراء یونیورسٹی کے ڈائریکٹر ایجوکیشن عبدالوحید نے معاہدے کی یادداشت پر دستخط کئے، جس کے تحت یونیورسٹی کے طلباء اسلام آباد ٹریفک پولیس کی آگاہی ونگ کے ساتھ دوران انٹرن شپ شہر کے اہم شاہراؤں اور مقامات پر شہریوں کو روڈ سیفٹی، ٹریفک قوانین اور ٹریفک ایجوکیشن کے متعلق آگاہی فراہم کریں گے، تقریب کے اختتام پر ایس ایس پی ٹریفک نے طلباء کے اس رضا کارانہ جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے تعاون اور نوجوان نسل کے بغیر دوستانہ پولیسنگ ناممکن ہے، عوام بالخصوص نوجوان نسل کا تعاون اسلام آباد پولیس کے ساتھ رہا تو اسلام آباد پولیس کی کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ کسی بھی ملک کی ترقی میں طلباء اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس انٹرنشپ کا مقصد کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دینا، نوجوانوں کی صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنا اور بڑھانا اور عوام اور پولیس کے درمیان خلاء کو پر کرنا ہے تا کہ ایک دوسرے کے لئے اپنائیت کا احساس پیدا ہو۔



## سیف سٹی ای چالان سسٹم ٹریفک قوانین کے نفاذ میں موثر کردار ادا کر رہا ہے

جس سے مہلک حادثات اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 100 ای چالان ٹکٹس جاری، اب تک کل 02 لاکھ 65 ہزار سے زائد ای چالان ٹکٹس جاری کئے جا چکے ہیں، شہری ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنائیں، تا کہ حادثات میں روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے ویژن اور خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے بین الاقوامی معیار کے مطابق وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں ای چالان سسٹم کے تحت ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 100 ای چالان ٹکٹس جاری کیے ہیں، اب تک ٹریفک قوانین کی مختلف خلاف ورزیوں پر کل 02 لاکھ 65 ہزار 394 ای چالان ٹکٹس جاری کیے جا چکے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے قانون شکنوں کیخلاف ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ سے لنک ڈیٹا بیس کی مدد سے خصوصی قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جا رہی ہے، جس کے تحت قانون شکنوں کو ان کے موبائل نمبرز پر ای چالان ٹکٹ کا پیغام ارسال کیا جاتا ہے، ای چالان سسٹم کی موثر حکمت عملی کی وجہ سے مہلک حادثات اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، جاری شدہ چالان ٹکٹس گاڑی اور موٹر سائیکل مالکان کے گھر بھی ارسال کئے جا رہے ہیں، جرمانے کی رقم مقررہ وقت پر ادا نہ کرنے پر چالان کی کاپی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس میں گاڑی کی ماسٹر فائل میں چسپاں کی جا رہی ہے اور اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ چالان کے بقایا جات کو ادا نہ کرنے والے گاڑی مالکان جب تک جرمانے کی رقم ادا نہیں کرتے اس وقت تک گاڑی یا موٹر سائیکل کسی دوسرے شخص کے نام منتقل نہیں کیا جا سکے گا جبکہ جرمانے کی رقم ادا کرنے کے لئے شہریوں کیلئے آسانیاں پیدا کرتے ہوئے مختلف موبائل اور بینک اکاؤنٹس کی سہولت فراہم کی گئی ہے، انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ سیف سٹی ای چالان سسٹم سے خاطر خواہ نتائج حاصل ہو رہے ہیں اور ای چالان سسٹم کے تحت بہترین مانیٹرنگ کے باعث مہلک حادثات اور دیگر قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، انہوں نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیف سٹی کے کیمروں کے ذریعے کئے جانے والے چالان کے جدید نظام کو مزید بہتر اور موثر بنایا جا رہا ہے اس نظام کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے حادثات کی روک تھام کو یقینی بناتے ہوئے ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانا ہے۔

# آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر تمام زونل ایس پیز کی اپنے علاقوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد

**کھلی کچہری میں شرکاء نے اپنے مسائل بیان کیے،زونل ایس پیز کی پولیس افسران کو شہریوں کے مسائل کو حل کرنی کی ہدایات،شہریوں کے جان ومال کی حفاظت اور مسائل کا حل اسلام آباد پولیس کی ترجیحات میں شامل ہے**





انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس پی انڈسٹریل ایریا زون، ایس پی صدر زون، ایس پی رورل زون، ایس پی سٹی زون اور ایس پی سواں زون نے اپنے علاقوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا،جس میں تمام ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز سمیت علاقہ معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی،کھلی کچہریوں میں موجود شرکاء نے اپنے مسائل بیان کیے اور بہتری کے لئے تجاویز پیش کیں،حل طلب مسائل پر زونل ایس پیز نے موقع پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے اور شرکاء کی پیش کردہ تجاویز پر عمل درآمد کرنے کی یقینی دہانی کروائی،تمام زونل ایس پیز نے کھلی کچہری کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے احکامات کی روشنی میں عوامی شکایات اور علاقائی مسائل کے فوری حل کے لئے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جارہا ہے،آئی جی اسلام آباد کے واضح احکامات ہیں کہ تمام افسران اپنے حلقوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کریں تا کہ شہریوں کے ساتھ برائے راست رابطہ رکھا جاسکے اور ان کو درپیش مشکلات حل کرنے میں مدد ملے، انہوں نے مزید کہا کہ پولیس دن رات آپ کی حفاظت وخدمت میں کوشاں ہے جن مسائل کا آپ نے ذکر کیا ہے ان کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائے گا، اسلام آباد پولیس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بہتر حکمت عملی کی وجہ سے علاقہ میں جرائم میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی ہے تاہم اس میں مزید بہتری کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں، جبکہ قبضہ مافیا، جرائم کا قلع قمع اور منشیات فروشی کے خاتمے کے لئے پولیس کو عوام کے تعاون کی ضرورت ہوتی ہے آپ کے بغیر یہ سب ناممکن ہے پولیس اور عوام مل کر ان جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جہاد کریں تب اس ناسور کو معاشرے سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ختم کیا جاسکے گا، آپ کے تعاون سے قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کے خلاف بھر پور طریقے سے کریک ڈاؤن کیا جاسکتا ہے، آپ اپنے اردگرد اور گلی محلے میں نظر رکھیں ،کوئی بھی مشکوک سرگرمی دیکھیں تو فوری اپنے متعلقہ پولیس کو اطلاع دیں تا کہ ایسے عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے یاد رکھیں کسی بھی علاقہ میں شہریوں کے تعاون کے بغیر خاطر خواہ مثبت نتائج حاصل نہیں کئے جاسکتے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ پولیس شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کرنے میں ہمہ وقت مصروف عمل ہے، کھلی کچہری کے انعقاد کرنے کا مقصد شہریوں اور پولیس کے درمیان روابط کو بڑھاتے ہوئے دوریاں کو ختم کرنا ہے،معززین علاقہ نے کھلی کچہریوں کے انعقاد پر آئی جی اسلام آباد کو خراج تحسین پیش کیا اور زونل ایس پیز کا شکریہ ادا کیا۔







## اسلام آباد پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ کا تھانہ کوہسار کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن ،



**سرچ آپریشن کے دوران 43 گھروں، 28 گاڑیوں، 31 موٹرسائیکلوں اور 83 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا، سرچ آپریشن کا مقصد وفاقی دارلحکومت کی سکیورٹی کو مزید موثر بنانا اور شہریوں کی جان ومال کا تحفظ کرنا ہے۔**



تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ کوہسار کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کیا،سرچ آپریشن میں سی ٹی ڈی اور مقامی پولیس ٹیموں نے حصہ لیا،سرچ آپریشن کے دوران 43 گھروں ، 28 گاڑیوں، 31 موٹرسائیکلوں اور 83 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا جبکہ تین عدد 12 بور رائفلیں ،ایک عدد 30 بور پسٹول اور ایک بغیر کاغذات موٹر سائیکل کو جانچ پڑتال کے لئے تھانہ کوہسار منتقل کیا گیا، سینئر پولیس افسران نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کیے جارہے ہیں،انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، "پکار- 15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر اطلاع دیں، تا کہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان ومال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

# وفاقی دارالحکومت میں منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری ہے

**گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 44 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری**




انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 44 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ کوہسار پولیس نے ملزم عاطف شہزاد کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 210 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے دو ملزمان دانیال اور محمد عامر کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 167 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ رمنا پولیس نے ملزم راشد مقصود کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 14 عدد نشہ آور گولیاں اور 65 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ سنبل پولیس نے ایک عورت سمیت دو ملزمان نورین بی بی اور عبداللہ کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 170 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ ترنول پولیس نے چار ملزمان عمران یوسف، احمد گل، بلاول خان اور شیراز خان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 2,450 گرام ہیروئن، سات بوتلیں شراب اور 155 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ شالیمار پولیس نے ایک عورت سمیت تین ملزمان طاہر علی، وقاص جلیل اور شمینہ بی بی کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے ایک عدد کلاشنکوف، 55 گرام آئس، کوکین اور دس عدد نشہ آور گولیاں برآمد کرلی، تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے دو ملزمان افتخار احمد اور محمد تیمور کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 30 لیٹر کھلی شراب اور ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ شمس کالونی پولیس نے پانچ ملزمان بلال، فرحان، ارسلان، محمد ندیم اور کاشف کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 84 گرام آئس، 180 گرام چرس اور 515 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ کرپا پولیس نے دو ملزمان محمد اسامہ اور محمد سلیم کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 582 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ سہالہ پولیس نے ملزم عامر الطاف کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد 32 بور ریوالور برآمد کرلیا، تھانہ ہمک پولیس نے دو ملزمان افتخار ظفر اور شہزاد علی کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 227 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ پھلگراں پولیس نے دو ملزمان محمد یوسف اور قیصر علی کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 530 گرام چرس اور ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ بہارہ کہو پولیس نے تین ملزمان محمد واصم، صام عباسی اور باور حسین کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 3,520 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے چار ملزمان عمر حیات، عقیل احمد، محمد یوسف اور جمیل خان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 570 گرام ہیروئن، 154 گرام آئس اور دو عدد 30 بور پستول برآمد کرلیے، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات وشراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15 یا" آئی سی ٹی "-15 ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

**اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا قتل ودیگر سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری،**

**پولیس ٹیموں نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث چھ اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرلیا، مجرمان کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جارہا ہے۔**

تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے سنگین جرائم میں ملوث چھ اشتہاری مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی، ایس ایس پی آپریشنز نے کہا کہ اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے مجرمان کو گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اس میں کسی قسم کی غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام پولیس افسران تلاشی اور جانچ پڑتال کو مزید موثر بنائیں اور جرائم کی بیخ کنی کے لئے تمام تر ضروری اقدامات کرتے ہوئے جرائم پیشہ مجرمان اور مقدمات میں نامزد ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کریں اور انکو گرفتار کرکے جلد مقدمات کو یکسو کریں، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار–"15 یا" آئی سی ٹی ایپ "-15 پر فوری اطلاع دیں۔

# تھانہ بنی گالہ پولیس نے گھریلو چوری کی وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا

**گرفتار ملزمان کے قبضہ سے مسروقہ نقدی، موبائل فون اور گھریلو سامان برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کیخلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**




انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ بنی گالہ پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے جڑواں شہروں میں گھریلو چوری کی وارداتوں میں ملوث گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے مسروقہ نقدی، موبائل فون اور گھریلو سامان برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت ضیاء الرحمان اور ارشد محمود کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے تھانہ بنی گالہ کے علاقوں میں متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار– 15 "یا" آئی سی ٹی ایپ '-15' پر فوری اطلاع کریں۔

**تھانہ مارگلہ پولیس کو دوران پٹرولنگ گمشدہ بچہ ملا جسے پولیس نے اپنی حفاظت میں لیا اور تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے بچے کے والدین کو انتہائی قلیل وقت میں تلاش کرکے بحفاظت انکے حوالے کردیا**



Tarjuman
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police
# The Capital Police Islamabad
Islamabad Police | SUNDAY APRIL 28, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk

| PUCAR -15 | | TRAFFIC | | CRIME | | TECHNOLOGY | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Emergency Call | 4521 | Traffic Fine Ticket | 2701 | Total Crime Registered | 110 | Tenant Registration | 56093 |
| Hoax Call | 3801 | Major Violation | 1463 | Accused Arrested | 84 | Employee Registration | 54851 |
| Emergency Response | 316 | Fatal Accident | 01 | Challan Submitted in Court | 33 | Vehicle Verification | 21025 |
| Minimum Response Time | 05 Min | Driving License | 188 | Stop & Search | 6532 | Lost & Found Reports | 10 |
| Maximum Response Time | 08 Min | Learner Permit | 212 | P.O / C.O Arrested | 10 | General Verification | 96181 |

## IGP Islamabad Syed Ali Nasir Rizvi commends officers for effective duty



According to details, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, visits and inspected different checkpoints, a public relations officer said. He said that, IGP Islamabad appreciated the police officers deployed on duty at the checkpoints and summoned them to his office. The IGP Islamabad held a meeting with the police officers in his office, praising them with commendation certificates to boost their morale. On this occasion, the IGP Islamabad said that boosting the morale of police officers dedicated to the service and protection of citizens and fulfilling duties with utmost sincerity is essential. He further stated that the protection of citizens lives and property is our top priority.

## Islamabad Police launch special campaign "Nasha Ab Nahe" to educate youngster on drug prevention




Following, the special directives of Inspector General of Police (IGP) Syed Ali Nasir Rizvi, the Islamabad Police has launched a special awareness campaign titled "Nasha Ab Nahe" to eradicate narcotics from the federal capital and to safeguard the youth from the menace of narcotics. As part of this initiative, the Islamabad Police officers are also conducting a special awareness campaign regarding the dangers of narcotics and measures for prevention and control. The use of narcotics, especially by students, is detrimental to their health and future. Addiction not only affects individuals but also leads to the destruction of entire families and societies. Addiction is a disease that not only ruins the lives of hundreds of young people but also subjects them to various hardships. Youngsters should protect themselves from this scourge and play their part in protecting others in their surroundings from the menace of narcotics. Educational institutions should also organize awareness campaigns against narcotics through seminars and workshops. IGP Islamabad Syed Ali Nasir Rizvi said that, the Islamabad Police will bring all elements involved in narcotics trade to justice. Citizens should cooperate with Islamabad Police in eradicating narcotics and resolve that addiction is no longer acceptable. Citizens should report any suspicious individual or activity related to narcotics, through the emergency helpline "Pucar-15" or via "ICT-15" app.

## Islamabad Police committed to resolve public issues on priority; says DIG Operations



According to the details, the DIG Operations Syed Shahzad Nadeem Bukhari said that the Islamabad Police is committed to resolve public issues on priority, a public relations officer said. He said this while listening to the complaints and issues of the public as well as police officials during the Khuli Kachehri held at his office. Senior police officers were also present on this occasion. During the Khuli Kachehri, he listened to the complaints of the citizens and marked their applications to the concerned officers for timely action on merit. He also directed them to send reports to his offices in the given time frame. He further said that strict action will be taken against officials involved in bribery or corruption and a zero tolerance policy will be adopted in this regard. He emphasized that Islamabad Police would not leave any stone unturned to secure the lives and property of the citizens. "Such interaction would be continued in future to provide maximum relief to the citizens." he added. He said that interaction during "Khuli Kachehris" would help to promote friendly policing and will also ensure self-accountability, immediate resolution of citizens' problems. The protection of life, property and self-respect of citizens comes first, he maintained.

# Securing the life and property of citizens is utmost priority; DIG Operations







According to the details, the DIG Operations Islamabad Syed Shahzad Nadeem Bukhari has categorically directed all police officials to maintain high vigilance in the city to eradicate crimes and ensure an effective crackdown against criminals, a public relations officer said. He said that, DIG Operations Islamabad chaired an important meeting regarding crime prevention. The meeting was attended by SSP Investigation, SP investigation, All Zonal SPs, DSPs, in charge ARDU, in charge AVLU. DIG Operations issued instructions to further improve the performance of all officers. He said that challans of the cases under investigation should be sent to the courts, while the criminal gangs, absconder involved in murder, kidnapping and rape cases, proclaimed offenders, TOs, drug dealers, professional beggars should be arrested as soon as possible. He further directed all officers to arrest offenders involved in heinous crimes, especially those involved in murder and robbery cases and increase the ratio of challan of cases and recoveries. DIG Operations said that zero tolerance policy will be adopted on corruption, negligence, and strict departmental action will have to be faced for negligence in protecting the life and property of the citizens, protection of life and property of citizens is our top priority.

# Safe City Islamabad cameras ensures effective surveillance during 2024

According to the details, the Safe City Command and Control Center under the supervision of CPO Safe City and Traffic ensured 72,975 different types of surveillance during the current year 2024, a public relations officer said. He said that, in the month of January 22,470, in February 19,454, in March 18,910 and in April 12,141 suspicious activities were identified through safe city cameras. Moreover, the police stations, markets, important buildings and events were also monitored, through command and control center. With the help of Safe City surveillance cameras, the Police Operation Center identified 72,975 suspicious activities in the year 2024, including suspicious persons, motorcycles, vehicles, illegal activities, tinted glasses vehicles, e-challan defaulters, beggars, unregistered vehicles and impounded vehicles and bikes in different police stations. The Islamabad Capital Police is using all technical means to protect the life and property of the citizens and to make the federal capital a safe place. In this regard, the citizens are also requested to cooperate with the police and immediately report any suspicious thing or activity to the concerned police station, emergency helpline "Pucar-15" or via "ICT"15 app.

# Security officials briefed for effective duty

According to details, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP), Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, a special briefing was held for the officers deployed on Islamabad High Court (IHC) security duties regarding the better performance of their duties, a public relations officer said. He said that, the SP Judicial Protection Unit (JPU) Iqbal Khan briefed the security officers to maintain the law and order and prevent any untoward incident. Moreover, officers were briefed regarding duty in view of the current situation, the officers and officials on squad duty were informed about being alert during patrolling and keeping a watchful eye on suspicious persons, strict orders were issued regarding proper uniforms and discipline. He further issued orders to the officers and personnel to be ready all the time and perform their duties in an effective manner. Islamabad Police is utilizing all available resources in order to maintain the law and order situation in the federal capital and the protection of life and property of citizens is among the top priorities.



## Islamabad Police has initiated a crackdown against professional beggars





According to details, following the special directives of the Deputy Inspector General of Police (DIG) Operations, Syed Shahzad Nadeem Bukhari, Islamabad Police has initiated a crackdown against professional beggars, a public relations officer said. He said that during the past 24 hours, Islamabad Police conducted operations against professional beggars and their facilitators in various areas, resulting in the arrest of 28 professional beggars and the filing of cases against them. Additionally, underage children were transferred to shelters. The DIG Operations issued clear instructions to zonal SPs to continue daily operations against beggars under their supervision. He urged citizens not to give alms to professional beggars and to discourage them. If professional beggars are spotted in commercial or residentialareas, citizens are encouraged to immediately call the police at “Pucar-15”. Furthermore, he emphasized that the primary priority of Islamabad Police is the protection of life and property of the citizen.





# DIG Headquarters holds orderly room; to address the concerns of officials





According to the details, following the special directions of Inspector General of Police (IGP) Syed Ali Nasir Rizvi, the Islamabad Police holds an orderly room to ensure timely and prioritized resolution of institutional and personal matters of concerning police officers. The establishment of an orderly room aims to prioritize and address issues faced by police officers on a timely basis, emphasizing their welfare and issue resolution. Following these directives, the DIG Headquarters Dr Syed Mustafa Tanveer holds an orderly room at Central Police Office Islamabad. Officers of Islamabad Police attended the orderly room. During the orderly room, police officers brought forth both personal and official concerns before the DIG Headquarters. Immediate directives were issued for the resolution of pressing matters, while directives were given to senior officers to address remaining issues promptly. On the occasion, the DIG Headquarters highlighted various measures taken for the welfare of police officers, including initiatives aimed at improving residence facilities, enhancing healthcare provisions, and raising educational standards. He assured all personnel of an open-door policy at his office, encouraging them to bring forward any concerns for immediate resolution. He further said that, the primary objective of the orderly room is not only to address the welfare, personal, and official issues of police officers but also to elevate their morale by prioritizing resolutions based on their well-being.

# Police determined to address public' issues on priority; says Zonal SPs





Following the special directions of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, all Zonal SPs held an Khuli Kachehri at their respective police stations, a public relations officers said. He said that the Khuli Kachehri was attended by citizens and senior police officials. Khuli Kachehris are being held across the city to ensure the early redressal of public complaints, he added. At the outset of the proceedings, the participants shared their grievances and also gave suggestions to resolve them. The zonal SPs issued orders on the spot to address the issues of the participants and assured them that their suggestions will be taken into account. He highlighted that police were determined to resolve the issues faced by the citizens. However, Khuli Kachehris were helpful in maintaining direct relationships with the public. He asserted that better strategy on part of the police led to reduction in crime in the city. Islamabad Police are taking steps to control crime further. He asked the participants to cooperate with the police in controlling the crime in the city. Islamabad Police also launched an effective crackdown against those involved in drug peddling, land grabbing and criminal activities in their areas. He urged the citizens to check the activities of the people in their surroundings and inform the police in case of observing the suspicious activities. He added that effective policing is only possible through cooperation of the public and trust between them would be ensured through resolving their problems at their door steps. Any complainant can approach him for redressal of the issues. The participants thanked the IGP Islamabad over organizing these Khuli Kachehris.



# 44 outlaws arrested; drugs and weapons recovered







Islamabad Police apprehended 44 outlaws from different areas of the city during the last 24 hours and recovered drugs and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the Islamabad Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Kohsar police arrested an accused namely Atif Shahzad and recovered 210 gram heroin from his possession. The Karachi Company police team arrested two accused namely Daniyal and Muhammad Aamir and recovered 167 gram of ice from their possession. The Ramna police team arrested an accused namely Rashid Maqsood and recovered 14 dancing pills and 65gram ice from their possession. Likewise, the Sumbal police team arrested two accused including a lady namely Noreen Bibi and Abdullah and recovered 170 gram Ice from his possession. The Tarnol police team arrested an accused namely Imran Yousaf, Ahmed Gul, Bilawal Khan and Sheraz Khan and recovered 2450 gram heroin, seven liquor bottles and 155 grams of ice from their possession. The Shalimar police team arrested three accused including Tahir Ali, Waqas Jalil and Sameena Bibi and recovered one Kalashnikov, 55 gram Ice and tow dancing pills from their possession. Similarly, the Industrial Area police team arrested two accused namely Iftikhar Ahmed and Muhammad Taimoor and recovered 30 liters liquor and one 30 bore pistol from their possession. The Shams Colony police team arrested five accused namely Bilal, Farhan, Arslan, Muhammad Nadeem and Kashif and recovered 515 gram heroin, 180 gram hashish and 84 gram Ice from their possession. The Kirpa police team arrested two accused namely Muhammad Usama and Muhammad Saleem and recovered 582 gram hashish from their possession. Moreover, the Sihala police team arrested an accused namely Amir Altaf and recovered one 32 bore revolver from his possession. The Humak police team arrested an accused namely Iftikhar Zafar and Shahzad Ali and recovered 227 gram hashish from his possession. The Phulgran police team arrested two accused namely Muhammad Yousaf and Qasir Ali and recovered 530 gram hashish and one 30 bore pistol from his possession. Furthermore, the Bhara Kahu police team arrested 03 accused namely Muhammad Wasim, Saim and Bawar Hussain and recovered 3520 gram hashish from their possession. The Shahzad Town police team arrested four accused namely Umer Hayat, Aqeel Ahmed , Muhammad Yousaf and Jameel Khan and recovered 570 gram heroin, 154 gram Ice and two 30 bore pistols from their possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. “Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard”, he maintained.

# Search and combing operation conducted at Kohsar Police Station jurisdiction



Islamabad Police Counter Terrorism Department (CTD) conducted a search and combing operation at Kohsar police station jurisdiction, a public relations officer said. He said that, following the special directives of Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the search and combing operations are being conducted in different areas of the city to ensure the safety and security of the Islamabad citizens. Following these orders, a search and combing operation was conducted in different areas of Kohsar police station by CTD and local police teams. During the search and combing operation 83 suspicious persons, 43 houses, 31 motorcycles and 28 motor vehicles were thoroughly checked while police team shifted three 12 bore rifles, one 30 bore pistol and one without documents motorcycle to the police station for further verification purpose. IGP Islamabad said that the purpose of the search and combing operations was to heighten the security in the federal capital. All zonal officers were directed to continue these operations in their respective areas. Citizens are also requested to cooperate with police during the checking



# Two members of criminal gang held; stolen cash, mobile phone and valuable recovered




The Bani Gala police arrested two wanted members of a criminal gang involved in numerous theft activities and recovered stolen cash, mobile phone and valuables from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the Bani Gala police used technical and human resources and succeeded in apprehending two wanted members of the house buglers gang involved in numerous house butleries activities. The accused were identified as Zia Ur Rehman and Arshad Mehmood. Moreover, the police team also recovered mobile phones, cash, and valuables from their possession. Cases have been registered against the accused and further investigation is underway, he added. DIG Operations Syed Shahzad Nadeem Bukhari directed all senior officials for effective crackdown against the accused involved in criminal activities and ensured the safety of lives and property of citizens on priority basis.

# Iqra University students to join efforts of police for safe road environment in city







A memorandum of understanding (MoU) was signed between Islamabad Police and Iqra University to encourage positive, strategic and active relationship between the two organizations for guiding citizens about traffic rules and safe road environment. SSP Traffic Islamabad Muhammad Sarfraz Virk on behalf of Islamabad Police and Director Academic Abdul Waheed from Iqra University signed the MoU. As per agreement, the students of the university will be associated with the Islamabad Police education wing and to assist in various functions including field activities and other affairs related to traffic education. The signing ceremony was held at Iqra University and it was agreed to boost the cooperation between the both organizations for a safe road environment. Apart from this, the students along with the police teams will educate people about traffic rules at important highways as well as boulevards of the city and to distribute pamphlets among the citizens. SSP Traffic Islamabad said that friendly policing is impossible without the cooperation of the citizens and the young generation. The performance of Islamabad capital police will be further improved, he said adding that working as a volunteer is a noble spirit and contribution of students in imparting education about traffic laws would definitely win laurels.

## Six absconders involved in heinous crime held



Islamabad Police have arrested six absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hour, a public relations officer said. He said that, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the special tasks were assigned to all senior police officials to ensure the arrest of proclaimed offenders and absconders involved in heinous crimes. During the crackdown, Islamabad Police teams have arrested six absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hours. DIG Operations said that the Islamabad Police is taking all possible steps to eradicate the crime from the city and those involved in heinous crimes and illegal activities will be dealt with iron hands. “Safety to the lives and property of the citizens is the foremost priority of Islamabad Police”, he added.

## Social Media Corner Islamabad Police

**Islamabad Police**
3 h

آئی جی اسلام سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک کی نگرانی میں ٹریفک پولیس نے کھنہ پل پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا اور ٹریفک کی بلاتعطل روانی کو یقینی بنایا۔

#ICTP #ITP #IslamabadPolice




1.5k   714 comments • 55 shares

**Islamabad Police**
1 h

"نشہ اب نہیں"
اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے وفاقی دارالحکومت سے منشیات فروشی اوراس کے استعمال کے خاتمے تک ٹھان لی ہے کہ "نشہ! اب نہیں"۔

#ICTP #IslamabadPolice
#Nasha_Ab_Nahi

#نشہ_اب_نہیں۔




**Islamabad Police**
49 m

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سائبر کرائم یونٹ اور اس کے تحت درج ہونے والے مقدمات کے متعلق بریفنگ لی۔

#ICTP #CyberCrimeWing
#AliNasir





69   13 comments • 4 shares